ہمارے لئے اللہ ہی کافی ہے اور وُہی سب سے بہتر مددگار ہے القرآن

ABC CERTIFIED ☆ آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت

★★★★★★ اسلام آباد، راولپنڈی، ملتان، مظفر آباد، کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا موثر ترین قومی اخبار 2331689-90

چیف ایڈیٹر: سَردار خَان نیَازی

روزنامہ پاکستان اسلام آباد

THE DAILY PAKISTAN ISLAMABAD

جلد: 34 | جمعۃ المبارک 26 ستمبر 2025ء، 2 ربیع الثانی 1447ھ، 12 اسوج 2082ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ: 143

# وفاقی محتسب کا شہریوں کو آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کا نوٹس

## سی ڈی اے، ایم سی کے حکام کی غفلت سے شہری متاثر ہو رہے ہیں، وفاقی محتسب

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد پر میڈیا رپورٹس نیز شہریوں کی تشویش اور شکایات پر متعلقہ اداروں کی غفلت کا ازخود نوٹس لیتے ہوئے کہا ہے کہ متعلقہ اداروں کی لاپرواہی کے باعث آوارہ کتوں کی تعداد اور کاٹنے کا معاملہ المناک صورتحال اختیار کرتا جا رہا ہے۔ انہوں نے سی ڈی اے اور میونسپل کارپوریشن اسلام آباد کے اعلیٰ حکام کو آوارہ کتوں کے سدباب کے لئے اسلام آباد وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ کی پالیسی پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی محتسب کو اسلام آباد کے رہائشی علاقوں، پارکوں، ہسپتالوں اور مارکیٹوں میں بچوں اور بزرگ شہریوں کو آوارہ کتوں کے کاٹنے اور تنگ کرنے کی متعدد شکایات موصول ہوئی ہیں جس کا نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب نے متعلقہ حکام کو اس مسئلے کا فوری حل تلاش کرنے کی ہدایت کی ہے۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے کچھ عرصہ قبل اس سلسلے میں ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دی تھی جس نے متعلقہ اداروں کے اعلیٰ حکام کے ساتھ متعدد اجلاس منعقد کر کے آوارہ کتوں کے سدباب کے لئے سفارشات تیار کی تھیں جس کے نتیجہ میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کو کنٹرول کرنے کے لئے SDPCC کے نام سے اسلام آباد کے قریب ترلائی کے مقام پر ایک ڈاگ سنٹر بنایا گیا تھا اور اسلام آباد وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ نے اس حوالے سے ایک پالیسی بھی بنائی تھی مگر اس پر مکمل عملدرآمد نہ ہو سکا۔ وفاقی محتسب نے سی ڈی اے اور میونسپل کارپوریشن اسلام آباد کے اعلیٰ حکام کو مذکورہ پالیسی پر مکمل عملدرآمد کرنے پر زور دیا ہے۔ یاد رہے کہ وفاقی محتسب نے کچھ عرصہ قبل اسلام آباد کے سرکاری ہسپتالوں میں کتے کے کاٹنے کی ویکسین کی عدم دستیابی کا نوٹس لیتے ہوئے این آئی ایچ اور ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان کو ہدایت کی تھی کہ وہ اسلام آباد کے سرکاری ہسپتالوں میں کتے کے کاٹنے کی ویکسین کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔ وفاقی محتسب میں متعدد سماعتوں کے بعد اس مسئلے پر قابو پالیا گیا اور اب یہ ویکسین اسلام آباد کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں دستیاب ہے۔ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے ڈائریکٹر جنرل محمد اشفاق احمد نے وفاقی محتسب کی ہدایت پر حال ہی میں اسلام آباد کے آوارہ کتوں کے سدباب کے حوالے سے ایک جامع اور تفصیلی اسٹڈی رپورٹ تیار کی ہے جس میں اس مسئلے کے تمام پہلوؤں اور قوانین کو پیش نظر رکھتے ہوئے متعدد سفارشات پیش کی گئی ہیں نیز خطے کے دیگر ممالک میں اس کے سدباب کے لئے اٹھائے گئے اقدامات اور طریق کار کا بھی مفصل جائزہ لیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد بیماریوں، ماحولیاتی آلودگی اور حادثات کا باعث بن رہی ہے اور آوارہ کتوں سے بالخصوص بچے اور بزرگ شہری بطور خاص متاثر ہو رہے ہیں۔

www.jang.com.pk

★★★★★★★★★

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ABC CERTIFIED پاکستان کے ہر روزنامہ سے زیادہ

LOCAL EDITION FRIDAY SEPTEMBER 26, 2025

THE DAILY JANG RAWALPINDI ★★★

روزنامہ جنگ راولپنڈی

بانی...... میر خلیل الرحمٰن

رجسٹرڈ نمبر NPR-002

فون 5962444، 5962449 فیکس 5962277

صفحات 10 قیمت 35 روپے

جلد 67 | جمعہ 2 ربیع الثانی 1447ھ 26 ستمبر 2025ء 12 اسوج 2082ب | نمبر 263

روزنامہ جنگ راولپنڈی جمعہ 26 ستمبر 2025ء

# اسلام آباد آوارہ کتوں کی بہتات شہریوں کی شکایات پر وفاقی محتسب کا ازخود نوٹس

## سی ڈی اے میٹروپولیٹن کارپوریشن آوارہ کتے تلف کرنے کی مہم چلائیں، وفاقی محتسب کی ہدایت

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد پر میڈیا رپورٹس نیز شہریوں کی تشویش اور شکایات پر متعلقہ اداروں کی غفلت کا ازخود نوٹس لیتے ہوئے کہا ہے کہ متعلقہ اداروں کی لاپرواہی کے باعث آوارہ کتوں کی تعداد اور کاٹنے کا معاملہ المناک صورتحال اختیار کرتا جا رہا ہے۔ انہوں نے سی ڈی اے اور میونسپل کارپوریشن اسلام آباد کے اعلیٰ حکام کو آوارہ کتوں کے سدباب کے لئے اسلام آباد وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ کی پالیسی پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی محتسب کو اسلام آباد کے رہائشی علاقوں، پارکوں، ہسپتالوں اور مارکیٹوں میں بچوں اور بزرگ شہریوں کو آوارہ کتوں کے کاٹنے اور تنگ کرنے کی متعدد شکایات موصول ہوئی ہیں جس کا نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب نے متعلقہ حکام کو اس مسئلے کا فوری حل تلاش کرنے کی ہدایت کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد بیماریوں، ماحولیاتی آلودگی اور حادثات کا باعث بن رہی ہے اور آوارہ کتوں سے بالخصوص بچے اور بزرگ شہری بطور خاص متاثر ہو رہے ہیں۔

DAILY DUNYA ISLAMABAD www.dunya.com.pk

ایڈیٹر انچیف میاں عامر محمود

روزنامہ دنیا اسلام آباد

FRIDAY, SEPTEMBER 26, 2025

جلد نمبر 31 | جمعۃ المبارک 2 ربیع الثانی 1447ھ 26 ستمبر 2025ء 12 اسوج 2082ب | شمارہ 204

فون نمبر: 051-2891830 فیکس نمبر 051-2891814 | صفحات 12 قیمت 35 روپے

# اسلام آباد میں آوارہ کتے، وفاقی محتسب کا نوٹس، کارروائی کی ہدایت

## میڈیا رپورٹس، شہریوں کی شکایات پر از خود نوٹس لیا، کاٹنے کے کئی واقعات ہو چکے

اسلام آباد (نامہ نگار) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد پر میڈیا رپورٹس، شہریوں کی تشویش اور شکایات پر متعلقہ اداروں کی غفلت کا از خود نوٹس لیتے ہوئے کہا ہے کہ متعلقہ اداروں کی لاپرواہی کے باعث آوارہ کتوں کی تعداد اور کاٹنے کا معاملہ المناک صورتحال اختیار کرتا جا رہا ہے۔ انہوں نے سی ڈی اے اور میونسپل کارپوریشن اسلام آباد کے حکام کو آوارہ کتوں کے سدباب کیلئے اسلام آباد وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ کی پالیسی پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے لیتے ہوئے وفاقی محتسب نے متعلقہ حکام کو اس مسئلے کا فوری حل تلاش کرنے کی ہدایت کی ہے۔ رپورٹ کے مطابق آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد بیماریوں، ماحولیاتی آلودگی اور حادثات کا باعث بن رہی ہے، بالخصوص بچے اور بزرگ شہری بطور خاص متاثر ہو رہے ہیں۔

ہمارے لئے اللہ ہی کافی ہے اور وہی سب سے بہتر مددگار ہے القرآن

ABC CERTIFIED آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت ☆

★★★★★★★ اسلام آباد راولپنڈی ملتان مظفر آباد کراچی اور کوئٹہ سے بیک وقت شائع ہونیوالا موثر ترین قومی اخبار 90-2331689 ☎

چیف ایڈیٹر: سردار خان نیازی

روزنامہ پاکستان اسلام آباد

THE DAILY PAKISTAN ISLAMABAD

جلد: 34 | جمعۃ المبارک 26 ستمبر 2025ء، 2 ربیع الثانی 1447ھ، 12 اسوج 2082ب، صفحات 8 قیمت 30 روپے | شمارہ: 143

# وفاقی محتسب کا شہریوں کو آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کا نوٹس

## سی ڈی اے، ایم سی کے حکام کی غفلت سے شہری متاثر ہو رہے ہیں، وفاقی محتسب

اسلام آباد (سٹی رپورٹر) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے اسلام آباد میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد پر میڈیا رپورٹس نیز شہریوں کی تشویش اور شکایات پر متعلقہ اداروں کی غفلت کا ازخود نوٹس لیتے ہوئے کہا ہے کہ متعلقہ اداروں کی لاپرواہی کے باعث آوارہ کتوں کی تعداد اور کاٹنے کا معاملہ المناک صورتحال اختیار کرتا جا رہا ہے۔ انہوں نے سی ڈی اے اور میونسپل کارپوریشن اسلام آباد کے اعلیٰ حکام کو آوارہ کتوں کے سد باب کے لئے اسلام آباد وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ کی پالیسی پر عملدرآمد کو یقینی بنانے کی ہدایت کی ہے۔ تفصیلات کے مطابق وفاقی محتسب کو اسلام آباد کے رہائشی علاقوں، پارکوں، ہسپتالوں اور مارکیٹوں میں بچوں اور بزرگ شہریوں کو آوارہ کتوں کے کاٹنے اور تنگ کرنے کی متعدد شکایات موصول ہوئی ہیں جس کا نوٹس لیتے ہوئے وفاقی محتسب نے متعلقہ حکام کو اس مسئلے کا فوری حل تلاش کرنے کی ہدایت کی ہے۔ واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے کچھ عرصہ قبل اس سلسلے میں ایک اعلیٰ سطحی کمیٹی تشکیل دی تھی جس نے متعلقہ اداروں کے اعلیٰ حکام کے ساتھ متعدد اجلاس منعقد کرکے آوارہ کتوں کے سد باب کے لئے سفارشات تیار کی تھیں جس کے نتیجہ میں آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد کو کنٹرول کرنے کے لئے SDPCC کے نام سے اسلام آباد کے قریب ترلائی کے مقام پر ایک ڈاگ سنٹر بنایا گیا تھا اور اسلام آباد وائلڈ لائف مینجمنٹ بورڈ نے اس حوالے سے ایک پالیسی بھی بنائی تھی مگر اس پر مکمل عملدرآمد نہ ہو سکا۔ وفاقی محتسب نے سی ڈی اے اور میونسپل کارپوریشن اسلام آباد کے اعلیٰ حکام کو مذکورہ پالیسی پر مکمل عملدرآمد کرنے پر زور دیا ہے۔ یاد رہے کہ وفاقی محتسب نے کچھ عرصہ قبل اسلام آباد کے سرکاری ہسپتالوں میں کتے کے کاٹنے کی ویکسین کی عدم دستیابی کا نوٹس لیتے ہوئے این آئی ایچ اور ڈرگ ریگولیٹری اتھارٹی پاکستان کو ہدایت کی تھی کہ وہ اسلام آباد کے سرکاری ہسپتالوں میں کتے کے کاٹنے کی ویکسین کی دستیابی کو یقینی بنائیں۔ وفاقی محتسب میں متعدد سماعتوں کے بعد اس مسئلے پر قابو پا لیا گیا اور اب یہ ویکسین اسلام آباد کے تمام سرکاری ہسپتالوں میں دستیاب ہے۔ وفاقی محتسب سیکرٹریٹ کے ڈائریکٹر جنرل محمد اشفاق احمد نے وفاقی محتسب کی ہدایت پر حال ہی میں اسلام آباد کے آوارہ کتوں کے سد باب کے حوالے سے ایک جامع اور تفصیلی اسٹڈی رپورٹ تیار کی ہے جس میں اس مسئلے کے تمام پہلوؤں اور قوانین کو پیش نظر رکھتے ہوئے متعدد سفارشات پیش کی گئی ہیں نیز خطے کے دیگر ممالک میں اس کے سد باب کے لئے اٹھائے گئے اقدامات اور طریق کار کا بھی مفصل جائزہ لیا گیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق آوارہ کتوں کی بڑھتی ہوئی تعداد بیماریوں، ماحولیاتی آلودگی اور حادثات کا باعث بن رہی ہے اور آوارہ کتوں سے بالخصوص بچے اور بزرگ شہری بطور خاص متاثر ہو رہے ہیں۔